**My new preschool**

# میرا نیا پری سکول



اس دستاویز میں تمام تصویریں کاپی رائیٹ ایکٹ 1968 ((Copyright Act 1968 (Cth)
کے تحت NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی ملکیت ہیں یا iStock کے
Getty Images Content License Agreement| کے تحت لائسنس یافتہ ہیں۔

یہ میرے نئے پری سکول کا گیٹ ہے۔



میرے پاس اپنا پری سکول بیگ ہے جو میں اپنی کمر پر اٹھاتی ہوں۔ پری سکول پہنچ کر میں بیگ کو ایک خاص جگہ پر رکھ دیتی ہوں۔



میں پری سکول میں لنچ باکس اور پانی کی بوتل ساتھ لے جاتی ہوں۔
جب مجھے پیاس لگتی ہے تو میں پانی پیتا ہوں۔





میرے پاس پری سکول میں پہننے کے لیے ہیٹ ہے۔
میں باہر کھیلتے ہوئے اسے پہن لیتا ہوں تاکہ میں دھوپ سے بچا رہوں۔



میرے پری سکول میں بڑے میرا دھیان رکھتے ہیں اور مجھے سیکھنے کے لیے مدد دیتے ہیں۔ جب میں اداس ہوں تو میں انہیں بتاتی ہوں اور وہ مجھے تسلّی دیتے ہیں۔ بڑے سب بچوں کو یاد دلاتے ہیں کہ وہ اچھے دوست بن کر رہیں۔



میرے کچھ پرانے دوست ہیں جن کے ساتھ میں پری سکول میں کھیلتی ہوں اور کچھ نئے دوست بھی ہیں۔ لیکن کچھ دنوں میں میرا اکیلے کھیلنے کو جی چاہتا ہے۔





پری سکول میں کھیلنے کے لیے بہت سی الگ الگ چیزیں ہیں۔ میں روزانہ چنتی ہوں کہ میں کیا کرنا چاہتی ہوں۔ مجھے مزا لینا اور نئی چیزیں سیکھنا اچھا لگتا ہے۔






جب میں اندر کھیلتا ہوں تو مجھے کاغذ اور ڈبوں سے چیزیں بنانا اچھا لگتا ہے۔ جب میں اداس ہوں تو میں بلاکس سے چیزیں بناتا ہوں، جیسے میں گھر میں کرتا ہوں۔



جب میں باہر کھیلتی ہوں تو مجھے بھاگنا اور جھولوں پر بہت اوپر چڑھنا اچھا لگتا ہے۔ مجھے ریت میں کھیلنا بھی اچھا لگتا ہے۔





جب کھیل کا وقت ختم ہوتا ہے تو میں کھلونے سنبھالنے میں مدد کرتی ہوں۔
یہ اچھی بات ہے کہ ہم اپنے پری سکول کا خیال رکھیں اور اسے صاف ستھرا رکھیں۔



کبھی کبھی بچے اور بڑے مل کر نئی چیزیں سیکھتے ہیں اور گانے گاتے ہیں۔
ہم ایک دوسرے کو کہانیاں سنا کر بھی خوش ہوتے ہیں، ویسے ہی جیسے مجھے گھر میں یہ کرنا پسند ہے۔





جب میری ناک بہے تو میں ایک ٹشو لے کر ناک صاف کرتا ہوں۔ اس کے بعد میں ٹشو کو یاد سے بن میں ڈال دیتا ہوں اور اپنے ہاتھ دھوتا ہوں۔





میرے پری سکول میں ایک بڑا سا باتھ روم ہے۔ جب مجھے ٹائلٹ استعمال کرنا ہو تو میں باتھ روم میں جاتا ہوں۔ فارغ ہونے کے بعد میں ٹائلٹ کو فلش کرتا ہوں اور اپنے ہاتھ دھوتا ہوں۔





میں صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ دھوتا ہوں اور پھر انہیں خشک کرتا ہوں۔ میں ہاتھ دھونے کو یاد رکھنے میں بہت اچھا ہوں۔ میں خیال رکھتا ہوں کہ  ہاتھ دھونے سے سارے جراثیم دور ہو جائیں تاکہ میں صحتمند رہوں۔





میں دوسرے بچوں کے ساتھ اپنا لنچ کھاتی ہوں۔ اگر مجھ سے میرا کھانا نہ کھلے تو میں کسی بڑے سے مدد مانگتی ہوں۔ میں ہمیشہ پہلے صحت کے لیے اچھا کھانا کھاتی ہوں تاکہ میں طاقتور اور صحتمند رہوں۔ اگر میں اپنا سارا کھانا نہ کھاؤں تو میں بچے ہوئے کھانے کو بند کر کے رکھ دیتی ہوں اور اسے گھر لے جاتی ہوں۔



لنچ کے بعد خاموشی کا وقت ہوتا ہے۔ سب بچے خاموشی سے کچھ کام کرتے ہیں جیسے کوئی کتاب دیکھنا، پزل بنانا یا ڈرائنگ کرنا۔ جب بھی میں تھک جاؤں، میں لیٹ جاتا ہوں اور آرام کرتا ہوں۔





جب گھر جانے کا وقت قریب ہو تو میں اپنا بیگ بند کرتا ہوں اور اسے کمر پر پہن لیتا ہوں، گھر جانے کے لیے تیار۔



پری سکول کا دن ختم ہونے پر ہر بچے کو کوئی بڑا لینے کے لیے آجاتا ہے۔





گھر جاتے ہوئے میں مسکرا کر بڑوں اور بچوں کو خدا حافظ کہتا ہوں۔ میں کہتا ہوں، "کھیلنے کے لیے شکریہ، پھر ملیں گے۔" جب سب لوگ چلے جاتے ہیں تو میرا پری سکول بند ہو جاتا ہے۔

